ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (442)

26.08.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اور ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ کا سرکل احمد پور شرقیہ میں چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام کے سلسلہ میں نکلنے والے جلوسوں کا وزٹ، چہلم کے موقع پر جلوس اور مجالس کی سکیورٹی اولین ترجیح ہے، شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اور ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ نے سرکل احمد پور شرقیہ کے تھانہ اوچشریف میں چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام کے سلسلہ میں نکلنے والے جلوسوں کا وزٹ کیا۔ایس ڈی پی او سرکل احمد پور شرقیہ اور ڈی ایس پی ٹریفک نے اس حوالے سے بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ چہلم کے پر امن انعقاد کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لا یا جا رہا ہے۔امن سفیر کے قافلے بھی مختلف سرکلز میں اس حوالے سے ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ڈی پی او بہاولپور نے ایس ڈی پی او اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ چہلم کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔جلوسوں کی سی سی ٹی وی کیمرہ جات سے مانیٹرنگ کی جائے۔جلوس میں شامل ہونے والوں کی میٹل ڈیٹکٹر سے مکمل تلاشی لی جائے، واک تھرو گیٹ کے ذریعے جلوسوں اور مجالس میں داخل ہونے دیا جائے۔ ملکی حالات کے پیش نظر اپنے ارد گرد مشکوک اشخاص اور مشکوک حرکات و سکنات پر کڑی نظر رکھتے ہوئے اپنی ڈیوٹی چاک و چو بند اور احسن طریقے سے سرانجام دیں۔جلوس کے دوران کسی بھی اجنبی شخص کو بغیر شناخت کے جلوس ہائے میں داخل ہونے سے روکا جائے۔جلوس اور مجالس میں خواتین کی تلاشی بذریعہ لیڈی پولیس اہلکاران لی جائے۔جلوس اور مجالس کے آغاز سے قبل سپیشل برانچ کے عملہ سے سویپنگ کروائی جائے۔جلوسوں میں شامل ہونے والے راستوں کو خاردار تاروں سے سیل کیا جائے۔جلوس کے راستوں کے ساتھ بلند عمارتوں پر پولیس کے ماہر نشانہ باز مامور کئے جائیں۔ایس ایچ اوز ڈیوٹی پر مامور ملازمان کو ڈیوٹی شروع ہونے سے پہلے چیک کر کے بریف کریں گے اور ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں آگاہ کریں۔ڈیوٹی میں سستی و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائیگی۔انہوں نے مزید کہا کہ امن کمیٹی ممبران سے رابطے میں رہیں تا کہ چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام کے دوران امن کی فضاء کو قائم رکھا جا سکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اور ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ سرکل احمد پور شرقیہ میں چہلم حضرت امام حسینؓ کے جلوسوں کے وزٹ کے دوران سکیورٹی معاملات کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((443

26.08.24

**بہاول پور(       )تھانہ بغداد الجدید کے علاقہ میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک۔ پولیس مصروف کارروائی۔ ہلاک ڈاکو پر قتل، راہزنی وڈکیتی کے درجنوں مقدمات درج تھے۔عوام کے جان ومال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، جرائم پیشہ عناصر کو واضح پیغام، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق تھانہ بغداد الجدید پولیس کے پاس ایک ملزم ثناء اللہ ولد غلام نازک سکنہ ضلع مظفر گڑھ ڈکیتی کے مقدمہ میں جسمانی ریمانڈ پر موجود تھا جس سے ڈکیتی شدہ مال مقدمہ کی ریکوری کی جانی تھی۔ رات گئے پولیس ٹیم ملزم کو لیکر چک نمبر 7/BC برآمدگی کے لیے گئی اور بعد از برآمدگی واپس آرہے تھے، جب حاصل پور روڈ نزد چک نمبر 7/BC پلی پہنچے تو اسی دوران ملزم ثناء اللہ کے 05 کس ساتھی 02عدد موٹر سائیکلوں پر سوار پولیس موبائل کے سامنے آگئے اور للکارتے ہوئے کہنے لگے کہ ہمارا ساتھی چھوڑ دو اور پولیس پر جان سے مار دینے کی خاطر اندھا دھند سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت رکاوٹ کا سہارا لیتے ہوئے دو چار جوابی فائر کیے، گرفتار ملزم ہتھکڑی چھڑوا کر اپنے ساتھیوں کی طرف بھاگا اور اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آکر زخمی ہو کر گر پڑا۔ پولیس پارٹی کی طرف سے جوابی فائرنگ کی وجہ سے حملہ آوور ملزمان موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر فائرنگ کرتے ہوئے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ملزم ثناء اللہ کو سنبھالا جو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو چکا تھا۔ بذریعہ وائرلیس سیٹ کنٹرول کو اطلاع دی اور مزید نفری کا کہا، اطلاع پا کر پولیس کی مزید نفری وارایلیٹ کی گاڑیاں موقع پر پہنچیں۔ فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کی اسپیشل ٹیمیں ایس ڈی پی او سٹی سرکل اور ایس ایچ او تھانہ بغداد الجدید کی زیر قیادت آپریشن کر رہی ہیں۔ واضح رہے کہ ہلاک ڈاکو ثناء اللہ 34 سنگین مقدمات تھے اور متعدد میں چالان ہو چکا تھا۔ مزید تفتیش وتحقیقات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملزم اپنی موت آپ مر گیا۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ جرائم پیشہ افراد کیلئے واضح پیغام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کے شہریوں کے جان ومال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ تھانہ بغداد الجدید پولیس کو بہادری و جوانمردی سے مقابلہ کرنے پر ڈی پی او نے شاباش دی۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**